ہم کسی سے کم نہیں!

دنیا میں انہی قوموں نے تیزی سے ترقی کی منازل طے کی ہیں جن کے نوجوان جدید علوم سے آراستہ ہوتے ہیں۔ٹیکنیکل ایجوکیشن کسی بھی معاشرے کے تعلیمی اور معاشی استحکام کی ضامن ہوتی ہے۔ پاکستان کا مستقبل فنی تعلیم سے جڑا ہے اور نوجوان نسل کو فنی علوم سے آراستہ کرکے نہ صرف بے روزگاری کے مسئلے پر قابو پایا جاسکتا ہے بلکہ ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر بھی گامزن کیا جاسکتا ہے۔آج جب کی ہم خواتین کا عالمی دن منا رہے ہیں تو کچھ ایسی شخصیات کے بارے میں جانتے ہیں جنہوں نے اپنی صلاحیتوں سے اپنی قابلیت کا لوہا منواتے ہوئے ثابت کردیا ہے کہ وہ کسی سے کم نہیں ہیں۔

ثمینہ بیگ

دنیا کی تمام بلندترین چوٹیوں کی فاتح پاکستانی کوہ پیما ثمینہ بیگ بہت سے اعزازات اپنے نام کرچکی ہیں۔ یہ اب تک کی واحد پاکستانی خاتون ہیں جنہوں نے ماؤنٹ ایورسٹ اور کے ٹو سمیت ساتوں براعظموں کی تمام سات بلند ترین چوٹیاں سر کررکھی ہیں۔گزشتہ سال انہوں نے کے ٹو سر کرکے ایک اور نیا ریکارڈ قائم کیا۔ان کو دو مرتبہ اقوام متحدہ کی جانب سے خیرسگالی کا سفیر مقرر کیا جاچکا ہے۔اس کے علاوہ انہیں حکومت پاکستان کی جانب سے پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ سے بھی نوازا جاچکا ہے۔ 32 سالہ ثمینہ بیگ کا تعلق گلگت بلتستان میں واقع ضلع ہنزہ کے علاقے شمشال سے ہے جہاں کے کئی لوگوں کا پیشہ کوہ پیمائی ہے۔

شفیقہ اقبال

دنیا بھر میں پاکستانی طلبا کمپیوٹر سائنس کے شعبے میں اپنی منفرد پہچان بنارہے ہیں۔اس کی بہترین مثال پنجاب کے شہر صادق آباد سے تعلق رکھنے والی شخصیت شفیقہ اقبال کی ہے جو دنیا کی معروف کمپنی ''گوگل'' میں کام کررہی ہیں۔ چوبیس سالہ شفیقہ اقبال ڈیٹا انجینئر ہیں۔جنہوں نے واٹس اپ گوگل پولینڈ کے دفتر میں ملازمت کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون ہونے کا اعزاز اپنے نام کیا۔شفیقہ اقبال کو لنکڈ ان کے ذریعے گوگل نے منتخب کیا۔ وہ گوگل میں ملازمت کرنے سے قبل خواتین کی جانب سے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے upwork میں ٹاپ ریٹیڈ سیلر کے طور پر بھی کام کرتی رہی ہیں۔

شائے گل

موسیقی کی دنیا میں بہت سے نوجوانوں نے ملک کا نام عالمی سطح پر بلند کیا۔ان میں شائے گل بھی شامل ہیں۔کوک اسٹوڈیو سیزن 14 کے تحت ریلیز ہونے والے گانے ''پسوڑی'' کے لیے قسمت کی دیوی جہاں علی سیٹھی پر مہربان رہی وہیں شائے گل

بھی شہرت کی بلندیوں پر پہنچی۔ انہوں نے اپنے کریئر کا آغاز 2019 میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹا گرام سے کیا تھا۔

کوک اسٹوڈیو سیزن 14 کے تحت ریلیز ہونے والے اس گانے کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس گانے کو اب تک یوٹیوب پر 40 کروڑ 60 لاکھ سے زائد مرتبہ دیکھا اور سنا جا چکا ہے۔ یہ گانا ریلیز ہونے سے پہلے 24 گھنٹوں میں 10 لاکھ بار دیکھا جانے والا کوک سٹوڈیو سیزن 14 کا پہلا گانا بن گیا جبکہ گوگل ٹرینڈ میں سب سے زیادہ سرچ کیے جانے والے گانوں میں بھی شامل ہوا۔

ڈاکٹر مہوش شریف

کہا جاتا ہے حوصلہ اور جذبہ بلند ہو تو کسی بھی قسم کی معذوری منزل تک پہنچنے کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتی۔ اس معاملے کو بلوچستان کی ڈاکٹر مہوش شریف نے سخت محنت اور مستقل مزاجی سے سچ کر دکھایا اور وہ پاکستان کی پہلی سماعت سے محروم ڈاکٹر ہیں۔ وہ اس وقت بلوچستان کے فاطمہ جناح چیسٹ ہسپتال کے تپ دق وارڈ میں ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں۔ 25 سالہ ڈاکٹر مہرش وسطی بلوچستان کے ضلع کچھی کے ایک دور افتادہ گاؤں سے تعلق رکھتی ہیں۔

بسمہ معروف

پاکستانی ویمن ٹیم کی کپتان بسمعہ معروف سب سے زیادہ ایک روزہ میچز کھیلنے والے پاکستانی کرکٹر کا اعزاز اپنے نام کر چکی ہیں۔ یہ معروف واحد پاکستانی کرکٹر خاتون ہیں جنہوں نے جون 2022 میں ایک روزہ اور ٹی ٹوئنٹی دونوں فارمیٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ اپنے نام کیا۔ انٹرنیشنل ویمن کرکٹ کی تاریخ میں ون ڈے میچز میں سنچری کے بعد 3017 رنز بنانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ 2006 میں کریئر کا آغاز کرنے والی بسمہ معروف 200 سے زائد میچز کھیل چکی ہیں۔ 2013 اور 2020 کے درمیان ٹیم کی کپتان بھی رہیں۔ بسمہ معروف کو صدرِ پاکستان کی جانب سے ان کی خدمات کے اعزاز میں 23 مارچ 2013 کو تمغہ امتیاز سے نوازا جائے گا۔

یقینی طور پر ان خواتین کی صلاحیتوں کو جاننے کے بعد اور آج خواتین کو عالمی دن مناتے ہوئے ہر لڑکی کو، جو کل کی خاتون ہے انہیں اپنے احساس کمتری کے خول سے باہر نکل کر اپنی صلاحیتوں اور خوبیوں کو بروئے کار لانا ہے۔ اپنی پہچان خود بنانی ہے پھر نہ صرف ہم کامیاب اور خوشحال ہوں گے بلکہ ہمارا ملک ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔ اس لئے اپنی خوبیوں کو پہچانیں اور ہر مشکل کا سامنا کر کے آگے بڑھ جائیں جہاں ایک خوبصورت اور خوشگوار زندگی آپ کی منتظر ہے۔

آپ کو خواتین کا عالمی دن بہت بہت مبارک ہو!